Pakistan Institute of Living & Learning
Global Leaders in Mental Health Research

اجازت نامہ برائے ذاتی کہانیاں بیان کرنا

تعارف - پاکستان انسٹیٹیوٹ آف لیونگ اینڈ لرننگ

پاکستان انسٹیٹیوٹ آف لیونگ اینڈ لرننگ ایک تحقیقی ادارہ ہے جو پاکستان بھر میں ذہنی اور جسمانی صحت کو بہتر بنانے کے لیے کام کرتا ہے۔ ہمارے صحت کے پروگرامز کا مقصد معاشرتی طور پر حساس اور تحقیق پر مبنی موضوعات پر کام کرنا ہے، جیسے ماں اور بچے کی صحت، ذہنی صحت، دائمی بیماریاں اور کینسر کے علاج اور صحتیابی۔ ہم مقامی اور بین الاقوامی اداروں کے ساتھ مل کر ایسے اقدامات کرتے ہیں جو صحت کے شعبے میں مثبت اور پائیدار اثر ڈال سکیں۔

ڈیفیٹ کینسر پلیٹ فارم کے بارے میں

ڈیفیٹ کینسر، پاکستان انسٹیٹیوٹ آف لیونگ اینڈ لرننگ کا ایک عوامی آگاہی اور سروائیور شمولیت پلیٹ فارم ہے۔ اس کا مقصد کینسر کی جلد تشخیص کو فروغ دینا، جذباتی مدد فراہم کرنا، اور عوامی تعلیم کے ذریعے آگاہی پھیلانا ہے۔ اس پلیٹ فارم پر کینسر سے صحتیاب ہونے والوں کی حقیقی کہانیاں شامل کی جاتی ہیں، جو ہماری ویب سائٹ اور سوشل میڈیا پلیٹ فارمز (فیس بک، انسٹاگرام، یوٹیوب وغیرہ) پر شائع ہوتی ہیں " تاکہ امیدپیدا ہو اور دوسروں کو ہمت ملے۔

مقصد

ہم آپ کو دعوت دیتے ہیں کہ آپ اپنی ذاتی کہانی ڈیفیٹ کینسر ٹیم کے ساتھ بیان کریں تاکہ کینسر سے متاثرہ دیگر افراد میں آگاہی اور حوصلہپیدا کیا جا سکے۔ آپ کی کہانی ہماری ویب سائٹ، سوشل میڈیا پلیٹ فارمز، مہم کے مواد، اور دیگر آگاہی اقدامات میں شائع کی جائے گی۔ ہمیں فخر ہے کہ آپ نے اپنی کہانی ہمارے ساتھ بیان کرنے کا انتخاب کیا۔ آپ کی آواز طاقتور ہے اور ہم اسے احتیاط اور احترام کے ساتھ استعمال کرنے کے پابند ہیں تاکہ عوامی بیداری بڑھائی جا سکے اور دوسروں کو متاثر کیا جا سکے۔

شرائط و ضوابط			
نام	فون نمبر	ای میل	سوشل میڈیا اکاؤنٹ

درج ذیل شرائط پر دستخط کرنے کے بعد آپ ان باتوں سے اتفاق کرتے ہیں کہ:	
آپ اپنی راضامندی سے اپنی ذاتی کہانی ہماری ڈیفیٹ کینسر مہم ٹیم کو بیان کر رہے ہیں۔	1
آپ اجازت دیتے ہیں کہ آگاہی اجاگر کرنے کے لیے آپ کے ذاتی تجربے کی کہانیاں ہم اپنی ویب سائٹ اور سوشل میڈیا پلٹ فارمز (فیس بک، انسٹاگرام، یوٹیوب وغیرہ) پر شیئر کر سکتے ہیں۔	2
آپ اجازت دیتے ہیں کہ آپ کی کہانی کو شائع کیا جائے اور وضاحت، قواعد یا طوالت کے لیے ایڈٹ کیا جائے (بشرطیکہ آپ کے اصل پیغام اور انداز کو برقرار رکھا جائے)، اشاعت سے پہلے آپ کو ایڈٹ شدہ ورژن نظرثانی کے لیے بھیجا جائے گا۔ خصوصی نوٹ: اگر آپ اپنی کہانی آڈیو یا وائس نوٹ کی شکل میں جمع کرواتے ہیں، تو اسے تحریری شکل میں تبدیل کر کے اشاعت سے قبل آپ کی منظوری کے لیے پیش کیا جائے گا۔	3
آپ کی کہانی ہماری ویب سائٹ کے لئے اردو اور انگریزی دونوں زبانوں میں شائع کی جائے گی، اشاعت سے قبل آپ کی منظوری لی جائے گی۔	4
آپ اجازت دیتے ہیں کہ اگر ہم چاہیں تو مستقبل میں آپ کی کہانی کو درج ذیل علاقائی زبانوں میں ترجمہ کرکے شائع کر سکتے ہیں، آپ ان میں سے کونسی علاقائی زبان کو سمجھتے اور اجازت دیتے ہیں؟ 1 پنجابی ☐ 2 سندھی ☐ 3 پشتو ☐ 4 بلوچی ☐ 5 کوئی اور (-----) ☐ 6 نہیں میں اپنی کہانی کسی اور زبان میں تبدیل نہیں کروانا چاہتا / چاہتی۔ ☐	5
آپ کی کہانی یا اس کے کچھ حصے آئندہ آگاہی مہمات، تعلیمی مقاصد اور سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر دوبارہ استعمال کیے جائیں گے۔	6

7	اگر آپ نے اپنی کہانی کے ساتھ کوئی تصاویر، فوٹو یا ویڈیوز فراہم کرتے ہیں، براہ کرم اپنی ترجیح ظاہر کریں : 1 جی ہاں، میں اپنی تصاویر، فوٹوز اور ویڈیوز کے استعمال کی اجازت دیتا/دیتی ہوں۔ ☐ 2 جی نہیں، میں اپنی تصاویر، فوٹوز یا ویڈیوز کے استعمال کی اجازت نہیں دیتا/دیتی۔ ☐ نوٹ: ہم عمومی تصاویر—جیسے مناظر، اشیاء ، اے آئی سے تخلیق شدہ تصاویر کو مثال کے طور پر استعمال کر سکتے ہیں۔ یہ آپ کی ذاتی یا شناختی تصاویر کے طور پر پیش نہیں کی جائیں گی۔
8	اپنی کہانی میں تبدیلی یا واپسی کا حق: پ کو اپنی کہانی میں تبدیلی، اپ ڈیٹ یا ہدف (مکمل تبدیلی) کرنے کا مکمل حق حاصل ہے۔ ایسی درخواستوں پر ہم ایک ماہ کے اندر عمل کریں گے۔ البتہ، براہِ کرم نوٹ فرمائیں کہ ڈیجیٹل اور سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر آپ کی کہانی پہلے ہی شیئر یا محفوظ ہو سکتی ہے، جس پر ہمارا مکمل کنٹرول نہیں ہوتا۔ ہم تمام ممکنہ کوششیں کریں گے کہ آپ کی درخواست کے مطابق آپ کی کہانی کو اپ ڈیٹ یا ہٹا دیا جائے۔ تبدیلی / حذف کی درخواست کے لیے براہِ کرم ہمیں ای میل کریں: survivor.stories@pill.org.pk
9	آپ کی کہانی اہم ہے اور آپ کی پرائیویسی بھی، اپنی رازداری کے تحفظ کے لیے آپ کو اجازت ہے کہ آپ اپنا اصل نام یا کوئی فرضی نام چُن سکتے ہیں: براہِ کرم درج ذیل میں سے ایک آپشن منتخب کریں: 1۔ میں اپنا پورا اصلی نام استعمال کرنے میں آرام محسوس کرتا / کرتی ہوں۔ ☐ 2۔ میں گمنام رہنا پسند کروں گا/کروں گی اور فرضی نام استعمال کروں گا/کروں گی۔ ☐ (فرضی نام ایک بنایا ہوا نام یا عرفیت ہے جو آپ کی شناخت کو محفوظ رکھتے ہوئے آپ کو اپنی کہانی شیئر کرنے دیتا ہے۔) ہم آپ کے انتخاب کا مکمل احترام کریں گے۔ آپ کی کہانی کی اہمیت آپ کے نام سے نہیں، بلکہ آپ کے تجربے اور پیغام سے ہے۔

10	اس اجازت نامے کی دو کاپیاں ہونگی ، ایک آپکے پاس رہے گی، ایک پر آپ دستخط کر کے ہماری ٹیم کو واپس دیں گے۔

اس اجازت نامے پر دستخط کرنے کے بعد آپ اس بات سے اتفاق کرتے ہیں کہ آپ نے تمام شرائط و ضوابط کو پڑھا ، سمجھا اور اتفاق کیا ۔		
شرکت کنندہ کا نام	دستخط / انگوٹھے کا نشان	تاریخ
ٹیم ممبر کا نام	دستخط	تاریخ
براہِ کرم تصدیق کریں : اگر یہ اجازت نامہ کوئی اور پڑھ کر سُناتا اور سمجھاتا ہے۔		
پڑھ کر سُنانے والے کا نام	دستخط	تاریخ